Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۲) مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۶ شوال سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۵ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	بحالی و معافی تقصیر معین الدین خاں (کپتان سکنڈ رامپور محمد مرتضیٰ انفنٹری)	۲

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

۱	منظوری استعفا منشی صولت علیخاں صاحب (چیرمین میونسپلٹی)	۳
۲	عطائے اختیارات تحت ایکٹ میونسپلٹی بصاحب مشیر بہادر انچارج میونسپلٹی	〃
۳	سبکدوشی ملازمت منشی سلیم الحق تحصیلدار ٹانڈہ	۴
۴	اضافہ گریڈ ماسٹر نبی شاہ و ماسٹر منیم حسین (ٹیچران ہائی اسکول)	〃
۵	توسیع مدت ملازمت محمد احمد خاں کلرک دارالانشاء	۴
۶	منظوری الاونس محمد کبیر خاں۔ ارجمد میڈیکل ڈپارٹمنٹ۔	〃

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم: واقع ۹ جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

حسب سفارش کرنل آرمی منسٹر صاحب بہادر معروضہ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء معین الدین خاں سابق کپتان سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری کو بعوض تقصیر اونکی سابقہ جگہ کپتان سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری پر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

نشان حکم ہمایوں صادرہ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء نسبت تقرر کئے جانے معین الدین خاں اپنی سابقہ جگہ کپتان سکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری پر آرمی آرڈر نمبر جاری ہو ۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء تاریخ کارکردگی سے تنخواہ کا عملدرآمد ہوگا اور ایک نقل اس کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات سررشتہ میں رہیں ۹ جنوری ۱۹۳۵ء

دستخط کرنل صاحب آرمی منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۱ جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

تجویزات منسلکہ ملاحظہ ہوئے جس کے ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) مسٹر جی۔ ڈی۔ پارکن صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بر تنخواہ موجودہ انسپکٹر جنرل پولیس مقرر کیا جاتا ہے۔

(۲) ڈی۔ آئی۔ جی۔ کا عہدہ تخفیف کیا جاتا ہے۔

بدستور رجسٹری کا رہیگا۔

(۴) صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بدستور صاحب منسٹر بہادر انچارج پولیس کے ماتحت رہیں گے۔

(۵) صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو تحت دفعہ (۷) پولیس ایکٹ انسپکٹر اور اس رینک سے نیچے کے درجہ کے تمام ملازمان پولیس کو سزا دینے کے مکمل اختیارات ہونگے۔

(۶) انسپکٹر رینک تک کے تمام تقررات کا اختیار صرف صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو ہوگا۔

(۷) صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کا ابتدائی حکم کسی انسپکٹر یا سب انسپکٹر کے رینک کے افسر کے تنزل یا برخاستگی کے بارہ میں ہو تو اسکا اپیل گورنمنٹ اپو میں ہوسکیگا۔ دیگر تمام امور میں صاحب انسپکٹر جنرل پولیس کے اختیارات قطعی ہونگے۔

(۸)(۱)(الف) سپرنٹنڈنٹ پولیس، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کے اختیارات تحت دفعہ (۷) پولیس ایکٹ سب انسپکٹران کے رینک تک ہونگے مگر سب انسپکٹران کے رینک کے تنزل و برخاستگی کیلئے صاحب انسپکٹر جنرل پولیس کی منظوری لازمی ہوگی۔

(ب) اگر سپرنٹنڈنٹ یا ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کا ابتدائی حکم سب انسپکٹران کے درجہ کے تنزل اور سب انسپکٹر کے نیچے کے درجہ کے ملازمان کے تنزل و برخاستگی کے بارہ میں ہو تو اسکا اپیل صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے اجلاس میں ہوگا۔ اور صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے احکام قطعی ہونگے۔

(۹) اس سلسلہ میں پولیس ریگولیشن میں ضروری ترمیمات کی جائیں۔

حکم ہوا کہ

نقل تجویز منسلکہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ... گزٹ

آرڈران اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:-
واقع ۱۰ر جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ر جنوری ۱۹۳۵ء میں استعفا منشی صولت علیخاں صاحب چیرمین میونسپلٹی پیش ہوا

چیرمین صاحب نے متعدد تحریرات منسلکہ ہذا میں اپنے نجی کاروبار کی ابتری اور امراض لاحقہ کی بناء پر منظوری استعفا کی خواہش کرتے ہوئے خدمات چیرمینی کی انجام دہی سے معذوری ظاہر کی ہے۔ جو لائق لحاظ ہے۔

چیرمین صاحب نے خدمات مفوضہ قابل اطمینان طریقہ پر انجام دیں۔ لہذا اسلئے پایا کہ اظہار افسوس کے ساتھ اونکا استعفا منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:-
واقع ۱۰ر جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ر جنوری ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب چیف منسٹر بہادر بابت صراحت اختیارات صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی پیش ہو کر طے پایا کہ۔

اختیارات گورنمنٹ رامپور جو تحت میونسپل ایکٹ میونسپلٹی سے متعلق ہیں وہ صاحب منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی کے تفویض کئے جاتے ہیں۔ لیکن معاملات پالیسی بدستور کونسل میں پیش ہوں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔
واقع ۹ر جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ر جنوری ۱۹۳۵ء میں تجویز سبکدوشی منشی تسلیم الحق تحصیلدار ٹانڈہ بوجہ ضعیف العمری پیش ہو کر طے پایا کہ۔

منشی تسلیم الحق تحصیلدار ٹانڈہ کو بوجہ ضعیف العمری و کبرسنی یکم فروری ۱۹۳۵ء سے خدمات سے سبکدوش کیا جائے۔ اور آئندہ قوانین پنشن کا اجراء ہو جانے پر پنشن یا انعام حسب استحقاق انہیں دیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ جنوری ۱۹۳۵ء میں کاغذات اضافہ گریڈ ماسٹر نبی شاہ و ماسٹر ضمیم حسین ٹیچران ہائی اسکول پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس ماسٹر نبی شاہ مشاہرہ یکمشت [illegible] روپیہ کی تنخواہ میں [illegible] ماہانہ اور ماسٹر ضمیم حسین شاہرہ دار [illegible] کی تنخواہ میں [illegible] ماہانہ اضافہ گریڈ سالانہ منظور شدہ کی ۱۶ نومبر ۱۹۳۴ء سے منظوری دیجاتی ہے۔

برائے آئندہ صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم کو اختیار دیا جاتا ہے کہ منظور شدہ سالانہ گریڈ کا اضافہ بحکم خود دیدیا کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:-

مورخہ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ جنوری ۱۹۳۵ء میں کاغذات توسیع مدت ملازمت محمد احمد خاں کلرک دارالانشاء مشاہرہ دار [illegible] پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کی مدت ملازمت میں تاریخ ختم مدت سابقہ سے تا اختتام سال رواں توسیع منظور کیجاتی ہے۔ تنخواہ کی گنجائش بجٹ دارالانشاء سے نکالی جائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:-

مورخہ ۹ جنوری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ جنوری ۱۹۳۵ء میں کاغذات اضافہ [illegible] ماہوار در تنخواہ محمد کبیر خاں ایلو پیتھک ڈپارٹمنٹ مشاہرہ دار [illegible] پیش ہو کر طے پایا کہ:-

نامبردہ کو تا ختم سال رواں [illegible] روپے ماہانہ عارضی الاؤنس کا دیا جانا منظور ہے جسکی گنجائش بجٹ متعلق سے ہے بجٹ سال آئندہ کی ترتیب کے وقت محکمہ متعلق اس مسئلہ کو طے کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل